© rasailojaraid.com

نہیں بلکہ ملکی اور غیر ملکی زبانوں کے مشہور ادیبوں اور ناول نگاروں کے تراجم ہیں ملکی زبانوں میں ہندی - مرہٹی - بنگالی - پنجابی - سندھی - تامل اور گجراتی زبانیں شامل ہیں کسی زبان کے ادب میں وسعت اُسی وقت پیدا ہو سکتی ہے جب کہ اس کے بولنے والوں کو دوسری ترقی یافتہ زبانوں کے لٹریچر سے باخبر کیا جائے اس حیثیت سے جامعی صاحب کی یہ کوشش بڑی مستحسن اور لائقِ داد ہے - اردو کی ناول نگاری کے لئے موجودہ دور دورِ جمود و تعطل ہے - امید ہے کہ شاہراہ کا یہ خاص نمبر اس جمود کے توڑنے میں ممد و معاون ثابت ہوگا - چند ایک کو چھوڑ کر جتنے ناولٹ اس مجموعہ میں شامل ہیں اُن کو فن کا شاہکار کہا جا سکتا ہے - مجموعی طور پر تراجم اس قدر شگفتہ، رواں اور سلیس ہیں کہ اگر کیرکٹر مقامی ہوں تو کوئی شخص ان کو ترجمہ سمجھ بھی نہیں سکتا - یہ خاص نمبر اس لائق ہے کہ اس کا مطالعہ کیا جائے تاکہ دوسری ملکی اور غیر ملکی زبانوں میں ناول نگاری کے موجودہ رجحانات اور اُس کی ٹکنک سے واقفیت ہو -

الحرم حضرت مدنی نمبر تقطیع متوسط ضخامت ۱۴۴ صفحات کتابت و طباعت بہتر قیمت عه / پتہ :- مکتبۂ علمیہ قاضی واڑہ میرٹھ -

مولانا قاضی زین العابدین سجاد میرٹھی کی ادارت میں یہ ماہنامہ کئی سال سے نکل رہا ہے جس میں صاف اور شستہ زبان میں دینی اور اصلاحی مضامین ہوتے ہیں اس رسالہ کا جنوری اور فروری کا نمبر حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنیؒ کی یادگار میں شائع ہوا ہے، اس خاص نمبر میں مختصر مختصر مقالات ہیں مگر جامع اور مفید ہیں اور اُن سے حضرت رحمۃ اللہ علیہ کی زندگی کے مختلف گوشوں پر بڑی بصیرت افروز روشنی پڑتی ہے مضامین کی ترتیب کتاب جیسی ہے اس طرح یہ صرف ایک خاص نمبر نہیں بلکہ حضرت شیخ کی ایک مختصر سوانح عمری ہے مقالات کے علاوہ چند نظمیں اور حضرت کے بعض مکاتیب بھی ہیں متوسلین حضرت شیخ کو اس کا ضرور مطالعہ کرنا چاہیئے -

آج کل جنگ آزادی نمبر تقطیع کلاں ضخامت ۱۳۲ صفحات کتابت و طباعت اعلیٰ

© rasailojaraid.com